وسئی ویرار میں موسلا دھار بارش، کئی علاقے زیرآب

مانسوس سے قبل صحیح تیاری نہ کرنے میونسپل کارپوریشن پر الزام، سڑکوں پر ٹریفک جام ہونے اور لوکل ٹرینیں تاخیر سے چلنے کے سبب مسافروں کو دقتوں کا سامنا، پالگھر کے کئی علاقوں سے بجلی غائب

وسئی (ایس این بی) ممبئی شہر اور مضافات سمیت وسئی ویرار علاقے میں جمعہ کے روز سے ہی جاری بارش کا سلسلہ آج دن بھر بھی جاری رہا۔ موسلا دھار بارش کے سبب کئی علاقے زیرآب ہوگئے، میونسپل کارپوریشن کو بارش سے قبل مانسون کی صحیح تیاری نہ کرنے کے الزامات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بارش کے سبب کئی سڑکوں پر پانی جام ہوگیا اور اس پر چلنے والی کئی گاڑیوں میں خرابی پیدا ہوگئی جس کے سبب کئی جگہوں پر مسافروں کو ٹریفک جام کا سامنا کرنا پڑا۔

ایک طرف کسانوں اور دیہی علاقوں میں بارش رحمت بن کر برسی تو دوسری طرف شہری علاقوں میں بارش کے سبب کئی علاقے زیرآب ہوگئے۔ کالانگر، ایم ڈی نگر، آچولہ روڈ، سینٹرل پارک، تلنج پولیس اسٹیشن، تلنج روڈ، ٹاکی روڈ، انصاری نگر، سنتوش بھون جیسے کئی علاقوں میں پانی بھر گیا، جس کے سبب رکشہ، موٹر سائیکل اور دیگر گاڑیاں سڑک پر ہی جام ہوگئیں اور راستے پر مسافروں کا چلنا دشوار ہوگیا، کئی گاڑیوں کے انجن میں پانی داخل ہو جانے کے سبب گاڑیاں بند پڑ گئیں جس کے سبب کئی علاقوں میں ٹریفک جام ہوگیا۔ اسٹیشن کے دونوں طرف پانی بھر جانے سے ریلوے اسٹیشن پر جانے کیلئے بھی مسافروں کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا، بارش کے سبب ٹرین سروس میں بہت زیادہ رخنہ نہیں ہوا لیکن کئی ٹرینیں تاخیر سے چلیں۔ وسئی کے سمتا نگر سائی نگر اوم نگر والیو ایس ٹی ڈپو روڈ میں بھی کئی جگہوں پر گھٹنوں تک تو کئی جگہوں پر ٹخنوں تک پانی جمع ہوگیا۔ بارش کے سبب کئی علاقوں کی بجلی گل ہوگئی۔ ویرار کے اسٹیشن روڈ پر دونوں طرف پانی بھر جانے سے مسافروں کو کافی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ پالگھر تعلقہ میں بھی دو روز سے جاری مسلسل بارش سے عام زندگی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکی۔ امرالے ریلوے اسٹیشن پر پانی بھر جانے سے ٹرینیں تاخیر سے چل رہی تھیں۔ تاراپور کھاڑی کے پاس واقع کئی گھروں میں پانی داخل ہوگیا۔ موسلا دھار بارش کے سبب کئی علاقوں میں پانی بھر جانے سے پالگھر کے کئی علاقوں کی بجلی دن بھر سے غائب رہی۔ بارش کے سبب گریجویٹ اسمبلی حلقے کے امیدواروں کو بھی ووٹروں سے ملاقات کرنے میں کافی تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔ جبکہ اتوار ہونے کے سبب نوکری پیشہ لوگوں نے گھروں پر ہی رہنا مناسب سمجھا جس کے سبب اتوار کو راستے پر ٹریفک کا مسئلہ پیدا نہیں ہوا، لیکن دن بھر جاری مسلسل بارش سے کئی علاقے اب بھی زیرآب ہیں۔

عیاں رہے کہ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران مہاراشٹر کے کئی علاقوں میں اچھی بارش ہوئی ہے، مہاراشٹر کے ساتھ ساتھ گوا، ممبئی اور اس کے آس پاس کے شہروں میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی ہے۔ مہاراشٹر کے رتنا گیری، علی باغ کے علاقوں میں بھی تیز ہواؤں کے ساتھ تیز بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔

ایک ہی خاندان کے تین افراد کی خودکشی

خودکشی نوٹ میں غربت سے تنگ آکر انتہائی قدم اٹھانے کا انکشاف



ممبئی (ایجنسی) ممبئی کے کف پریڈ میں جمعہ کو ایک خاندان کے تین افراد کی جانب سے خودکشی کرنے سے سنسنی پھیل گئی۔ مہلوکین کی شناخت پروین پاٹل (40)، وینا پاٹل (35) اور پرھو پاٹل (11) کے طور پر ہوئی ہے۔ ڈی سی پی منوج شرما نے کہا کہ پولیس کو گھر سے سات سے آٹھ صفحات کا خودکشی نوٹ برآمد ہوا ہے۔ اس میں پروین نے لکھا کہ خاندان اپنی چھوٹی بیٹی کی کینسر سے موت کے باعث ڈپریشن میں تھا۔ اس نے خودکشی کی وجہ غربت کو بتایا اور اپنے علاقے کے درجنوں افراد پر بھی الزام عائد کیا۔ پولیس نے حادثاتی موت کا مقدمہ درج کیا ہے۔ پرین پاٹل نے دو شادیاں کی تھیں۔ ذرائع کے مطابق دو دنوں سے پاٹل خاندان کے گھر کا دروازہ بند تھا، اس کے بعد پڑوسیوں نے پولیس کو آگاہ کیا۔ پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ کر گھر کا دروازہ توڑا، دیکھا کہ گھر میں تین افراد رسی سے لٹک رہے ہیں۔ پولیس نے تینوں لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا ہے۔

پلاسٹک پر پابندی عائد ہونے کے بعد سب سے زیادہ چھوٹے موٹے تاجروں اور خصوصاً سبزی فروشوں کو دقتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ممبئی میں ایک سبزی فروش کاغذ میں سبزیاں لپیٹ کر دیتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ (تصویر: گوتم سین/ایس این بی)

پلاسٹک پر پابندی سے مریضوں اور اہل خانہ کو بھی پریشانی

رپورٹ اور دوائیوں کو رکھنے کیلئے مریض اور اہل خانہ اکثر پلاسٹک کے تھیلے کا استعمال کرتے تھے

ممبئی: (ایجنسی) ریاست میں پلاسٹک پر پابندی کے بعد اسپتال میں جانے والوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ رپورٹ اور دوائیوں کو رکھنے کیلئے مریض اور اہل خانہ اکثر پلاسٹک کے تھیلے کا استعمال کرتے تھے۔ حالانکہ ہفتے کے روز جب پلاسٹک کے تھیلے کے ساتھ ساتھ کے ای ایم اور دوسرے اسپتال پہنچے، تو گیٹ پر ہی پلاسٹک جمع کرلیا گیا۔ اسپتال سیکورٹی افسر نے کہا کہ پلاسٹک پر پابندی کا اثر پوری ریاست میں ہے، ایسے میں اسپتال اس سے مختلف نہیں ہے۔ اسپتال میں پلاسٹک بیگ کے ساتھ آنے والے تمام لوگوں کو ہم آئندہ ایسا نہ کرنے کی ہدایت دے رہے ہیں۔ بتادیں کہ پلاسٹک بیگ کے استعمال کرنے پر پہلی دفعہ پکڑے جانے پر پانچ ہزار روپے کا جرمانہ ہے۔ ماحولیاتی تحفظ کیلئے پلاسٹک کے استعمال پر پابندی کا لوگ خیر مقدم کر رہے ہیں، لیکن اسپتال آنے جانے والوں کو اس کی وجہ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ طبی رپورٹ کو بارش اور پھٹنے سے بچانے کیلئے رشتہ دار اکثر اسے پلاسٹک بیگ میں رکھتے ہیں۔ اسپتال کے ڈین ڈاکٹر اویناش سوپے نے کہا کہ گیٹ پر اس کی تحقیقات کے علاوہ وارڈ میں بھی لوگوں کو اس کے تئیں بیدار کیا جارہا ہے۔ اسپتال کے احاطے میں اہل خانہ یا مریض پلاسٹک بیگ کا استعمال نہ کریں، اس کیلئے ایک ٹیم تیار کر کے لوگوں کو بیدار کیا جارہا ہے۔ بتادیں کہ بی ایم ایس کے کے ای ایم اور نائر سمیت کئی اسپتالوں کے گیٹ پر ہفتے کے روز لوگوں کو پلاسٹک لے جانے سے روک دیا گیا تھا۔

اغوا اور عصمت دری کے مجرم کو 10 سال کی سزا

عدالت نے مجرم پر 40 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا

تھانے (ایجنسی) تھانے سیشن کورٹ نے 24 سالہ شخص کو مدھیہ پردیش کے گونا میں رہائش پذیر 17 سالہ نابالغ لڑکی کے اغوا اور عصمت دری کا مجرم قرار دیتے ہوئے 10 سال کی قید بامشقت سزا کا حکم دیا۔

تھانے جج ایس سی خلیفے نے شیو رام کلوٹ کو تعزیرات ہند کی دفعات 376 (2)(این)، 363 (اغوا)، 365، 344 بچوں کے تحفظ قانون کے تحت مجرم قرار دیا۔ جج نے مجرم پر 40 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا، حالانکہ اس معاملے میں دو ملزمین کو بری کردیا، جس میں ایک ملزم کی ساعت کے دوران موت ہوگئی تھی۔ سرکاری وکیل رکھا ہیو رالے نے عدالت میں کہا کہ ملزم نے متاثرہ لڑکی کو کئی مقامات پر یرغمال بنا کر رکھا اور آخر میں وسئی کے ایک قحبہ خانے میں ڈال دیا۔ ہیورالے نے عدالت سے مزید کہا کہ ملزمین نے مئی 2015 سے اگست 2015 کے درمیان عصمت دری کی واردات کو انجام دیا۔ اس درمیان متاثرہ اغوا کاروں کے چنگل سے آزاد ہونے میں کامیاب ہوگئی اور ایک این جی او سے رابطہ کر کے 18 اگست 2015 کو وسئی پولیس اسٹیشن میں اغوا اور عصمت دری کی شکایت درج کرائی۔ عدالت نے ایک جانب مجرم کو دس سال کی سزا اور جرمانہ عائد کیا، وہیں ضلع لیگل سروسز انتظامیہ کو متاثرہ کو دو ماہ کے اندر مالی امداد کا بھی حکم دیا۔ جن دو ملزمین کو عدالت نے عدم ثبات کی بنیاد پر رہا کرنے کا حکم دیا، ان میں ارچنا کلوٹ (25) اور سنیل اکا پرکاش پاٹل (35) ہیں۔ مجرم کی ماں سیتا کلوٹ کی دوران ٹرائل موت ہوگئی۔

ممبئی میں 151 ایم ایم بارش جبکہ تھانے میں 139 ایم ایم بارش ریکارڈ

گزشتہ دو دنوں سے ہو رہی بارش سے کئی علاقوں میں پانی جمع، ٹریفک نظام درہم برہم

ممبئی (ایجنسی) ممبئی شہر و مضافات سمیت تھانے اور دیگر علاقوں میں گزشتہ دو دنوں سے موسلا دھار بارش جاری ہے، جبکہ آج صبح سے ہی شہر میں رک رک کر اور کبھی تیز بارش ہو رہی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ ملاڈ، پوئی اور ملنڈ میں بھی رک رک کر بارش ہو رہی ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹے سے جنوبی ممبئی میں موسلا دھار بارش ہو رہی ہے۔ صبح 8.30 بجے سے رات 8.30 کے درمیان قلابہ میں 151 ملی لیٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ آئی ایم ڈی کے مطابق کسی مقام پر 115.6 ملی میٹر سے 204.4 ملی میٹر بارش ہوتی ہے تو اسے شدید بارش کت زمرے میں رکھا جاتا ہے۔ گزشتہ دو دنوں سے ہو رہی بارش سے جہاں ایک طرف شہریوں کو گرمی سے راحت ملی ہے، وہیں کئی علاقے میں موسلا دھار بارش سے پانی بھی جمع ہوگیا ہے۔ دریں اثنا آئی ایم ڈی سانتا کروز میں 31.7 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات نے ممبئی اور مضافات کے کئی علاقوں میں بھاری کا انتباہ دیا ہے۔

دوسری جانب ممبئی کے علاوہ تھانے، کلیان ڈومبیولی میں بھی آج صبح سے ہی بارش ہو رہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران تھانے میں 448.8 بارش رکارڈ کی گئی۔ اس طرح کی اطلاع محکمہ موسمیات نے دی ہے۔ تھانے علاقے کے پکھرن روڈ، سب سے زیادہ 139 ریکارڈ کی گئی، ہیرانندانی اور مانپاڑہ میں 117.8 جبکہ کلوا میں سب سے کم 54.8 ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ روز ممبرا میں 59.6 ایم ایم بارش ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسیات نے مزید زوردار بارش ہونے کا انتباہ دیا ہے۔ گزشتہ روز سے ہو رہی بارش کے باوجود ڈیزاسٹر مینجمنٹ نے تین درختوں کے گرنے کی معلومات دی ہے۔

گزشتہ روز سے ہو رہی بارش سے شہر کا ٹرفک نظام درہم برہم ہوگیا ہے۔ سڑکوں پر گاڑیوں کی رفتار انتہائی سست ہے۔ کئی علاقوں میں سڑکوں پانی جمع ہوگیا ہے، لوگوں آمد و رفت میں زبردست پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

کلیان میں اوڑھنی گینگ کی خواتین سرگرم

ایک ہی دن میں 6 دکانوں میں چوری، پولیس سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے تفتیش میں مصروف

کلیان (ایجنسی) کلیان میں ایک ہی دن میں چھ دکانوں میں چوری سے اوڑھنی گروہ کی کرتوت سامنے آئی ہے۔ چوری کی وارداتیں سی سی ٹی وی کیمرے میں قید ہوگئی ہے۔ پولیس کے مطابق کلیان (مغرب) کے شہجا نند چوک علاقے میں ایک ہی رات میں 6 دکانوں میں چوری ہوئی۔ آدھی رات کو ہوئی چوری کی واردات سی سی ٹی وی کیمرے میں ہوئی ہے۔

عام طور پر لوگ خواتین پر شک نہیں کرتے ہیں۔ اس کا فائدہ اٹھانے کے بعد آدھی رات کے بعد 4 خواتین کے گروہ پہلے دکان کے باہر کھڑی ہوکر اس کی جانچ کرتی تھی۔ اطراف میں دیکھتی تھی کہ کوئی آیا تو نہیں اور موقع پا کر دکان میں چوری کر کے یا نقد رقم لیکر فرار ہوجاتی تھی۔ چوری کی اس طرح کی وارداتوں سے کلیان کے تاجروں میں خوف و دہشت کا ماحول ہے۔ اس معاملے میں بازار پیٹھ پولیس نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کردی ہے۔ ساتھ ہی پولیس سی سی ٹی وی فوٹیج سے بھی مدد لے رہی ہے، جس میں خواتین دیکھائی دے رہی ہے۔

Anjuman-I-Islam's
KALSEKAR TECHNICAL CAMPUS, NEW PANVEL.
SCHOOL OF ENGG. & TECHNOLOGY | SCHOOL OF ARCHITECTURE | SCHOOL OF PHARMACY
Approved by All India Council for Technical Education (AICTE), Council of Architecture, New Delhi, Pharmacy Council of India, Recognized by Directorate of Technical Education (DTE), Government of Maharashtra, and Affiliated to University of Mumbai.
ADMISSION NOTIFICATION 2018-2019
FIRST YEAR DEGREE ADMISSION
FOR INSTITUTE LEVEL SEATS
DTE CODE 3439
Applications are invited from eligible candidates for the seats listed below:

YEAR	DEPARTMENT	INSTITUTE LEVEL SEATS 20% OF SANCTIONED INTAKE	ELIGIBILITY
FIRST YEAR B.E.	CIVIL ENGINEERING 1st Shift	12	HSC Passed with Min. 50% Marks for open Category (45% Marks in Reserved Category) in Physics, Mathematics and Chemistry / Biology / Biotechnology / Technical Vocational marks added together. AND Obtained a score in MHT-CET 2018 / JEE Main Paper 1
	CIVIL ENGINEERING 2nd Shift	12	
	COMPUTER ENGINEERING	12	
	ELECTRICAL ENGINEERING	12	
	ELECTRONICS & TELECOMMUNICATION ENGG.	12	
	MECHANICAL ENGINEERING	24	
FIRST YEAR B. ARCH	ARCHITECTURE	16	Passed HSC (10+2) in Science / Commerce / Arts with Mathematics as Compulsory Subject OR Passed Diploma (10+3) or equivalent AND Valid NATA Score with min. 40% marks out of 200
FIRST YEAR B. PHARM	PHARMACY	20*	HSC Passed with Min. 50% Marks for open Category (45% Marks in Reserved Category) in Physics, Chemistry and Mathematics / Biology / Biotechnology marks added together. AND Obtained a score in MHT-CET -2018.

* If approval of PCI obtained.

POST GRADUATE DEGREE ADMISSION INSTITUTE LEVEL SEATS

YEAR	DEPARTMENT	DTE CODE	INSTITUTE LEVEL SEATS 20%	ELIGIBILITY
FIRST YEAR M.E.	CONSTRUCTION ENGINEERING & MANAGEMENT	343991010 NON-SPONSORED	03	1) Candidate should be Indian National. 2) Passed Bachelor Degree in the relevant field of Engineering & Technology from All India Council for Technical Education or Central or State Government approved institutions or equivalent, with at least 50% marks (at least 45% marks in case of candidates of backward class categories and persons with disability belonging to Maharashtra State only) 3) Passed bachelor degree in relevant course of Engineering & Technology as specified in the eligibility criteria of the concerned University for which admission is being sought to a particular Post Graduate Degree Course/Specialization. 4) Having positive GATE Score valid for the period 15th March 2018 to 14th March 2019 in respective qualifying branch. 5) For sponsored candidates, minimum of two years of full time work experience in a registered firm/company/industry/ educational and/or research institute/ any Government Department or Government Autonomous Organization in the relevant field in which admission is being sought.
		343991010S SPONSORED	01	
		TOTAL	04	

Admission Form, Prospectus and Registration fees: Rs. 1100/-
Sale of forms starts from 19th June 2018 to 10th July 2018 and Last date for Verification and Submission of application is from 9.00 am to 5.00 pm on all working days till 10th July 2018.
Note: The candidates who have registered on DTE-CAP are eligible to apply for Institute Level Seats. The above schedule is tentative any changes as per the rule will be notified on the website www.aiktc.org.
Admission Forms can be obtained directly from the address given below.
Plot #2 & 3, Sector 16, Khandagaon, Near Thana Naka, New Panvel, Navi Mumbai 410206.
Tel Nos. : 022 27481247 / 48 / 49 Mobile Nos.: 9619007885 / 7045316768
Email : aiktc.newpanvel@gmail.com / admission.aiktc@gmail.com
Dr. Zahir I. Kazi, Hon. President, Anjuman-I-Islam | Mr. G.A.R. Shaikh, Hon. Gen. Secretary, Anjuman-I-Islam | Mr. Burhan Harris, Hon. Exe. Chairman, BINM, Anjuman-I-Islam | Dr. A. Razak Honnutagi, Director, AIKTC, New Panvel

پالگھر میں لٹیروں کی پولیس پر فائرنگ

لوٹ کے مقصد سے گاڑیوں پر بھی پتھراؤ، دو افراد زخمی، پولیس نے ایک لٹیرے کو گرفتار کرنے میں کامیابی حاصل کی

پالگھر (ایجنسی) پالگھر منور روڈ واقع واگھوبا وادی کے قریب گزشتہ رات تقریباً 10 بجے آدھے درجن سے زائد چوروں نے لوٹ مار کے ارادے سے گاڑیوں پر پتھراؤ حملہ کیا، جس میں دو افراد زخمی ہوئے۔ اس واقعے کے بارے میں معلومات ملنے کے بعد جائے وقوع پہنچی پولیس ٹیم سے لٹیروں کی جھڑپ ہوگئی۔ لٹیروں نے پولیس پر دو راؤنڈ فائر کیے۔ جوابی کارروائی میں پولیس کی جانب سے بھی فائرنگ کی گئی۔ خود کو پھنستا دیکھ کر لٹیروں نے اندھیرے کا فائدہ اٹھایا اور قریبی جنگل میں بھاگنے لگے۔ اس دوران پولیس نے ایک بدمعاش کو پکڑنے میں کامیابی حاصل کی۔

پولیس نے بتایا کہ 7 سے 8 افراد لوٹ پاٹ کو انجام دینے کیلئے واگوبا مندر کے پاس آئے تھے۔ پولیس نے دفعہ 307، 397، 342، 511 کے تحت معاملہ درج کر کے کارروائی شروع کردی ہے۔ ذرائع سے ملی اطلاع کے مطابق منور میں رہائش پذیر وسنت وامن چوہان (44) گزشتہ شب 9.30 بجے اپنی کار سے پالگھر سے آرہے ہیں۔ جیسے ہی وہ واگوبا وادی پہنچے، 7 سے 8 لٹیروں نے ان کی گاڑی کے ساتھ ساتھ آنے والی گاڑیوں پر پتھراؤ کر کے انہیں لوٹنے کی کوشش کی، لیکن آنے جانے والی گاڑیوں کی زیادہ بھیڑ ہونے کی وجہ سے لٹیرے کامیاب نہیں ہو سکے، حالانکہ وہ پتھر بازی کرتے رہے۔ اس دوران سورج باری اور ادئے کانت باری زخمی ہوگئے۔

معلومات کے کچھ دیر بعد پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی۔ لٹیروں نے پہلے تو پولیس پر پتھراؤ کیا اور پھر جنگل میں فرار ہونے کے دوران دو راؤنڈ فائرنگ کی۔ جوابی کارروائی میں پالگھر پولیس اسٹیشن کے انسپکٹر کرن اور ڈپٹی پولیس انسپکٹر شرد پوار نے چوروں پر چار راؤنڈ فائرنگ کی۔ اس دوران پولیس نے ایک لٹیرے سنتوش نارائن بھونگے (35) کو دھر دبوچا، لیکن اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے گینگ کے دیگر ساتھی جنگل میں فرار ہوگئے۔ پولیس فرار لٹیروں کی تلاش میں مصروف ہے۔ وہیں کرن کا باڑی نے کہا کہ جائے وقوع سے خون کے نشان ملے ہیں، جس سے لگتا ہے کہ لٹیروں کو گولی لگی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ فرار ملزمین کی جلد گرفتاری عمل میں آئے گی۔

تھانے: کار چوری کے الزام میں مکینک گرفتار

ملزم کے قبضے سے 40 لاکھ روپے کی 7 کار برآمد

تھانے (ایجنسی) تھانے، ممبئی، نوی ممبئی سے چوری کی گئی کار کے معاملے میں گھاٹکوپر کے مکینک کو گرفتار کیا ہے اور اس کے قبضے سے چوری کی سات گاڑیوں کو ضبط کیا گیا ہے۔ پولیس نے کہا کہ ضبط کی گئی کار کی قیمت 40 لاکھ روپے ہے۔

سینئر انسپکٹر پردیپ شرما نے کہا کہ گرفتار ملزم کا نام گھاٹکوپر میں رہائش پذیر عنایت اللہ شاہ (31) ہے۔ ملزم عنایت اللہ ابتدا میں حادثات میں تباہ کاروں کو انسورنس ایجنٹ سے خرید کرتا تھا اور اس کا نمبر پلیٹ اور دیگر تفصیلات کا استعمال کرتا تھا، لیکن بعد علاقے چوری ہونے ہونے والی کاروں کی خرید کر با شروع کردیا۔ پولیس نے کہا کہ نوپاڑا پولیس اسٹیشن میں چوری کی کار کا معاملہ درج کیا گیا تھا۔ پولیس اس معاملے کی جانچ کر رہی تھی، اسے دوران پولیس کو مخبروں سے اس کار کے شاہ کے پاس ہونے کی اطلاع ملی۔ پولیس انسپکٹر راج کمار کوٹھمیرے کی قیادت میں ایک ٹیم تیار کی گئی۔ ٹیم میں انسپکٹر وکاش گھوڑکے، سب انسپکٹر ہیمنت دھولے اور دیگر پولیس اہلکار شامل تھے۔ ٹیم نے جال بچھا کر شاہ کو گرفتار کیا اور اس کے قبضے سے سات کار برآمد کی گئی، جس کی قیمت چالیس لاکھ روپے ہے۔ اس سلسلے میں نشی کانت کرلیکر نے کہا کہ ہم شاہ سے تفتیش کر رہے ہیں کہ اس ریکٹ میں دیگر افراد بھی شامل ہیں۔ ساتھ ہی شاہ کار چوری کے دیگر ریکٹ میں شامل تو نہیں ہے۔

بیٹے کی شہادت پر اب آنسو نہیں بہاتی

ممبئی: (ایجنسی) مہاراشٹر میں کولہاپور کے پمپلی گاؤں میں شہید پانڈلیک مانے کی ماں نانو بائی نے کہا کہ میں نے اپنے آنسوؤں پر جیت حاصل کر لی ہے۔ ملک کے تمام بچے میرے ہیں۔ ملک کے ان بچوں کی حفاظت کرتے ہوئے میرا بیٹا شہید ہوا ہے۔ نانو بائی کے اس بیان پر وہاں موجود لوگوں کی آنکھیں نم ہوگئی۔ کولہاپور کے پمپلگاؤں کا فوجی شہید پنڈلک گزشتہ دنوں سرحد پر شہید ہوگیا تھا۔ وہ 14 ملٹری انٹیلی جنس کی طرف سے سرحد پر تعینات تھا۔ پروگرام میں اداکار سنیل شیٹی نے شہید مانے کی ماں نانو بائی کو گلے لگالیا اور شہیدوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔ پروگرام میں شہید پنڈلک مانے کے والدین کا اعزار مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ ہنس راج اہیر، جموں کشمیر کے سابق نائب وزیر اعلیٰ کویندر گپتا، اداکار سنیل شیٹی اور ممبئی بی جے پی کے صدر اشیش شیلار نے کیا۔

ممبرا میں دسویں کے کامیاب طلبا کے اعزاز میں ایوارڈ تقسیم

پروگرام میں تین ہزار سے زائد طلباء اور والدین کی شرکت، نشہ مخالف اور تعلیمی بیداری کو ڈرامہ کے ذریعہ پیش کیا گیا

انوار الحق خان

ممبرا (ایس این بی) ممبرا میں دسویں کے کامیاب طلباء کے اعزاز میں ایوارڈ تقسیم پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ ساتھ ہی اس پروگرام میں طلباء کو ڈرامہ کے ذریعہ نشہ و منشیات سے دور رہنے کی ہدایت دی گئی۔ ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی (ایس ای ڈبلو ایس) کی جانب سے منعقدہ پروگرام میں شہر بھر کی سیاسی، سماجی اور ملی شخصیات نے شرکت کر کے طلباء کی حوصلہ افزائی کی۔ ذرائع کے مطابق ایجوکیشنل اینڈ ویلفیئر سوسائٹی (ایس ای ڈبلو ایس) کی جانب سے مسلسل تیسرے سال بھی شہر کے ایس ایس سی کامیاب طلباء کیلئے ایک اعزازی پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک چلنے والے اس پروگرام میں تین ہزار سے زائد طلباء اور اساتذہ نے شرکت کی، جبکہ شہر کے 7 ہزار سے زائد طلباء کو میڈل، ٹرافی اور سرٹیفکٹ سے نوازا گیا۔ اس پروگرام میں مہمان خصوصی این سی پی اور اتحاد ویلفیئر ٹرسٹ کے صدر شمیم خان اور اشرف (شانو) پٹھان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اس تعلیمی پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شریک ہوکر بہت فخر ہو رہا ہے اور میرے سامنے ممبرا شہر کے درخشاں مستقبل بیٹھے ہیں، جو آگے چل کر اپنی زندگی میں بہت کچھ بننے والے ہیں۔ بس میں اُن سے یہ ضرور کہوں گا کہ وہ اپنے والدین کا کہنا مانیں، نشے کی لعنت اور بُری باتوں سے ہمیشہ دور رہیں، کیونکہ ہم نے یہاں پر بہت سارے بچوں اور نوجوانوں کو نشے میں غرق ہوکر اپنی زندگی برباد ہوتے دیکھا ہے۔ انہوں نے پروگرام کے منتظمین کو اِس خوبصورت پروگرام کے انعقاد کیلئے دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی اور اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون کا تیقن بھی دلایا۔ شانو پٹھان نے موجود طالبات کو مخاطب کیا اور کہا کہ اب شہر کی بچیاں بہت آگے جارہی ہیں اور ہر گام پر کامیابی کے جھنڈے گاڑ رہی ہیں۔

◀◀ باقی صفحہ 11 پر